اسرائیلی عدالت سے دو سگے بھائیوں کو عمرقید اور جُرمانہ کی سزائیں

Written by Publisher
Monday, 13 November 2017 12:37 -

CITY OF DAVID
POLICE

اسرائیل کی فوجی عدالت ‘ عوفر ’ نے فلسطین کے دریائےلخلیل - (فلسطین نیوز۔ مرکز اطلاعات)
اردن کے مغربی کنارے سے تعلق رکھنے والے دو سگے بھائیوں کو نومبر 2015 ء اور جنوری 2016 ء
کے دوران فائرنگ کے واقعات میں مورد الزام ٹھہراتے ہوئے عمر قید اور 60 ہزار شیکل
جرمانہ کی سزائیں سنائی ہیں۔

فلسطین نیوز کو موصول ہونے والی اطلاعات کے مطابق عبرانی اخبار ‘ یدیعوت احرونوت ’ کی
رپورٹ میں دونوں سگے بھائیوں 23 سالہ ناصر اور 33 سالہ اکرم بدوی کا تعلق غرب اردن کے
جنوبی شہر الخلیل سے ہے۔ انہیں سنہ 2015 ء اور 2016 ء کے دوران فائرنگ کے متعدد واقعات
میں صیہونی آباد کاروں کو ہلاک اور زخمی کرنے کے الزامات میں عمر قید اور ساٹھ ہزار
شیکل جرمانہ کی سزا سنائی گئی ہے۔

ان پرعائد کردہ فرد جرم کی تفصیلات میں بتایا گیا ہے کہ فرد دونوں نے 12 مرتبہ صیہونی
آباد کاروں پرقاتلانہ حملے کیے۔

اکرم بدوی اور اس کے بھائی ناصر کو اسرائیلی فوج نے گذشتہ فروری میں الخلیل شہر کی ابو
اسنینہ کالونی سے حراست میں لیا تھا۔ ان کے قبضے سے کارلو ماڈل کی ایک بندوق بھی ضبط کی
گئی تھی۔

اسرائیلی داخلی سلامتی کے خفیہ ادارے ‘ شاباک ’ نے دعویٰ کیا ہے کہ دونوں سگے بھائیوں کا
تعلق اسلامی تحریک مزاحمت ‘ حماس’ سے ہے۔ انہوں نے چھ نومبر 2015 ء کو ایک گوریلا کارروائی
میں Â صیہونی آباد کاروں پر فائرنگ کی تھی جس کے نتیجے میں دو صیہونی زخمی ہوگئے تھے۔
اس نے بندوق الخلیل کی ایک مسجد میں چھپا رکھی تھی۔

1 / 1